**10.02.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......... آسیہ میمونہ

**Music**

------------------------------

☆ راجیہ سبھا اور لوک سبھا میں مرکزی بجٹ پر بحث ہوئی۔ لوک سبھا کے اسپیکر اوم برلا اُس وقت تک ایوان کی کارروائی شامل نہیں ہوں گے جب تک کہ اُن کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک پر فیصلہ نہیں ہوجاتا۔

☆ حکومت نے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کیلئے AI پر مبنی یا ڈیپ فیک مواد کو ہٹانے کیلئے تین گھنٹے کی مدت مقرر کی ہے۔

☆ انتخابی کمیشن نے آسام میں خصوصی نظرثانی کیلئے حتمی ووٹر فہرست شائع کی ہے۔ سپریم کورٹ کے حکم کے بعد SIR سے متعلق مغربی بنگال میں حتمی ووٹرفہرستوں کی اشاعت کو 28فروری تک بڑھا دیا ہے۔

☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے ملک کے لوگوں میں سائبَر سکیورٹی سے متعلق زیادہ سے زیادہ بیداری پیدا کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

☆ اور نئی دلّی میں ایشین رائفل پسٹل چمپئن شپ میں بھارتی نشانے بازوں نے سونے کے دو اور تمغے جیتے ہیں، جس کے بعد بھارت کی سونے کی تمغوں کی کُل تعداد 39ہوگئی ہے۔

------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**LS RS Union Budget**

راجیہ سبھا میں آج مرکزی بجٹ 2026-27پر بحث پھر شروع ہوئی۔ بحث میں حصہ لیتے ہوئے شیوسینا کے ممبر پارلیمنٹ ملند دیوڑا نے کہا کہ سیاسی اور اقتصادی طور پر بہت زیادہ اتھل پتھل والے اِس ماحول میں بھارت میکرو اکنامک ترقی اور استحکام کے ایک منفرد مقام کے طور پر قائم ہے۔

**S/B 2100 Milind Deora RS**

BJP کے سریندر سنگھ ناگر نے کہا کہ بجٹ میں بڑھتی اقتصادی شرح ترقی، لوگوں کی امنگوں کو پورا کرنے اور اِس بات کو یقینی بنانے پر ترجیح دی گئی ہے کہ سماجی شعبے کی سبھی اسکیم لوگوں تک پہنچیں۔ DMK کی Kanimozhi نے بجٹ کو غریب مخالف قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ ملک کی اقتصادی حقیقت سے علاحدہ ہے۔ آج کی کارروائی مکمل ہونے کے بعد ایوان کو ملتوی کردیا گیا۔

لوک سبھا میں بھی مرکزی بجٹ پر بحث ہوئی۔ بحث میں شامل ہوتے ہوئے BJP کی Aparajita Sarangi نے مختلف ممالک کے ساتھ آزاد تجارتی معاہدوں پر دستخط کیلئے حکومت کی ستائش کرتے ہوئے کہا کہ بھارت نے مختلف طریقے سے بدلتے ہوئے عالمی نظام میں اپنی صلاحیت کا اظہار کیا ہے۔

اس سے قبل بحث کا آغاز کرتے ہوئے کانگریس کے رکن پارلیمنٹ ششی تھرور نے یہ کہتے ہوئے بجٹ پر نکتہ چینی کی کہ حکومت کا خرچ کم ہوا ہے اور ٹیکس کی وصولیابی جوں کی توں ہے۔ تاہم بحث نامکمل رہی۔ بعد میں ایوان کی کارروائی کل صبح 11 بجے تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔

پیش ہے ایک رپورٹ...

**VC Bhupender**

مختلف معاملوں پر اپوزیشن جماعتوں کی جانب سے احتجاج کی وجہ سے دو مرتبہ ملتوی کیے جانے کے بعد، لوک سبھا کی کارروائی دوپہر کے کھانے کے وقفے کے بعد حسب معمول چلی۔ ایوان میں مرکزی بجٹ پر بحث ہوئی، جس میں برسر اقتدار اور اپوزیشن جماعتوں کے اراکین پارلیمنٹ نے حصہ لیا اور اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ 2فروری کو بجٹ پیش کیے جانے کے بعد سے لوک سبھا میں شور و غل اور ہنگامہ آرائی کی وجہ سے ایوان کی کارروائی بار بار ملتوی کی جاتی رہی۔ اپوزیشن اراکین پارلیمنٹ کی جانب سے لگاتار احتجاج کی وجہ سے ایوان کی کارروائی حسب معمول نہیں چل سکی۔

پچھلے ہفتے، لوک سبھا میں اپوزیشن جماعتوں کے 8اراکین پارلیمنٹ کو اُن کے ناشائستہ برتاؤ کی وجہ سے بجٹ سیشن کی بقیہ مدت کیلئے معطل کردیا گیا تھا۔کانگریس، DMK، ساجوادی پارٹی اور دیگر سیاسی جماعتوں سمیت اپوزیشن پارٹیوں نے آج لوک سبھا کے سکریٹری جنرل کو اسپیکر اوم برلا کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک سے متعلق نوٹس دیا۔

دوسری جانب، راجیہ سبھا کی کارروائی کام کاج کی فہرست کے مطابق ہوئی اور مختلف سیاسی جماعتوں کے اراکین نے مرکزی بجٹ 2026-27پر بحث میں حصہ لیا۔

نئی دلّی سے بھوپیندر سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

**Rev Opp No Conf Motion**

اپوزیشن کی جانب سے لوک سبھا اسپیکر اوم برلا کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک سے متعلق نوٹس داخل کیے جانے کے بعد، جناب برلا نے معاملے کے حل ہونے تک ایوان کی کارروائی میں شرکت نہ کرنے کا اخلاقی موقف اپنایا ہے۔ اِس سے پہلے، آج اپوزیشن نے جناب برلا کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک سے متعلق لوک سبھا کے سکریٹری جنرل کو نوٹس دیا۔ لوک سبھا سکریٹیریٹ کے ذرائع نے بتایا کہ ضوابط کے مطابق، نوٹس کی جانچ کی جائے گی اور اُس پر کارروائی کی جائے گی۔ کانگریس، DMK، ساجوادی پارٹی، RJD اور بائیں بازو کی پارٹیوں سمیت اپوزیشن کے 118اراکین نے سکریٹری جنرل کو پیش کیے گئے نوٹس پر دستخط کیے ہیں۔ تاہم TMC نے اِس پر دستخط نہیں کیے ہیں۔×

**Gold Man Ccs Forccenst**

عالمی بروک ریج فرم Goldman Sachs نے بھارت–امریکہ معاہدہ ہونے کے بعد بھارت کیلئے ترقی کے منظرنامے کو بہتر کیا ہے اور کرنٹ اکاؤنٹ خسارے CAD کے تخمینے کو کم کیا ہے۔ فرم نے کلینڈر سال 2026 میں اپنے CAD کی پیشگوئی کو GDP کے تقریباً صفر اعشاریہ دو پانچ فیصد کو GDP کا صفر اعشاریہ آٹھ فیصد کردیا ہے۔ کلینڈر سال 2026 کیلئے بھارت کی اصل GDP کی ترقی کے اندازے کو سالانہ بنیاد پر صفر اعشاریہ دو صفر بڑھا کر 6اعشاریہ 9فیصد کردیا ہے۔آکاشوانی سے خصوصی طور پر بات کرتے ہوئے سینئر ماہر اقتصادیات ڈاکٹر ایس پی شرما نے رپورٹ کے اہم نکات کو اجاگر کیا۔

S/B S.P. Sharma In Netia

**India US Deal Reax**

آیورویدادویات کی مینوفیکچرنگ کرنے والوں کی انجمن نے بھارت–امریکہ تجارتی معاہدے کی یہ کہتے ہوئے تعریف کی ہے کہ یہ ملک کے ادویات کے شعبے کیلئے ایک مثبت اور مستحکم ترقیاتی اقدام ہے۔ میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے AMAM کے صدر ڈاکٹر پردیپ ملتانی نے کہا کہ عبوری طریقۂ کار پالیسی کی اہم صورتحال کو یقینی بناتا ہے کیونکہ ادویات، خاص طور سے جینرک ادویات محصول سے متعلق منفی اقدامات سے محفوظ رہیں گی اور اس سے امریکہ کیلئے مسلسل برآمدات کو یقینی بنایا جاسکے گا۔

S/B Multani

**IT Act Rules**

حکومت نے انفارمیشن ٹیکنالوجی قوانین 2021کے رہنما خطوط اور ڈیجیٹل میڈیا اخلاقی ضابطوں سے متعلق ترمیمات کو آج نوٹیفائی کیا ہے۔ اِن کے ذریعے مصنوعی ذہانت، AI سے بنائے گئے Synthetic مواد کی باضابطہ تشریح کی جائے گی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق، حکومت نے اپنے یا عدالت کے ذریعے حکم کے بعد، AI کے ذریعے بنائے گئے یا ڈیپ فیک مواد کی نشاندہی کے بعد اُسے ہٹانے کیلئے تین گھنٹے کی مدت طے کی ہے۔ سرکاری نوٹیفکیشن، ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کو AI لیبلز یا اُس سے متعلق میٹا ڈیٹا لگانے کے بعد، انہیں ہٹانے یا اُسے غیر واضح کرنے سے روکتا ہے۔ نئے قوانین 20جنوری 2026سے نافذ ہوں گے۔×

**Assam SIR**

آسام میں انتخابی کمیشن نے آج ریاست کی سبھی 126اسمبلی حلقوں کا احاطہ کرتے ہوئے خصوصی تفصیلی نظرثانی 2026 کی حتمی ووٹر فہرست شائع کی۔ فہرست کے مطابق، رائے دہندگان کی مجموعی تعداد 2 کروڑ 49لاکھ 58ہزار 139ہے۔ آسام کے چیف الیکٹورل افسر کے مطابق، ڈرافٹ فہرست سے کُل 2لاکھ 43ہزار 485نام حذف کیے گئے، جو پہلے 2 کروڑ 52لاکھ 1ہزار 624تھے۔ آسام میں ووٹر فہرستوں کی خصوصی تفصیلی نظرثانی سے متعلق ڈرافٹ فہرست 27دسمبر 2025 کو شائع ہوئی تھی۔ اِس سے پہلے، ریاست بھر میں 22نومبر سے 20دسمبر 2025کے

دوران، گھر گھر جا کر تصدیق مہم چلائی گئی۔ حتمی فہرست میں جنس کی بنیاد پر کی گئی تقسیم کے مطابق، آسام میں کُل 1 کروڑ 24لاکھ 82ہزار 213مرد ووٹرز ہیں، جبکہ خواتین ووٹرز کی تعداد 1 کروڑ 24لاکھ 75ہزار 583 ہے۔

وہیں، 343رائے دہندگان کا تعلق تیسری جنس سے ہے۔ لوگ، 15دنوں کے اندر ضلع مجسٹریٹ سے اپیل کرسکتے ہیں اور 30دنوں کے اندر CEO سے دوسری اپیل کرسکتے ہیں۔×

## WB SIR

بھارت کے انتخابی کمیشن نے سپریم کورٹ کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے مغربی بنگال میں خصوصی تفصیلی نظرثانی، SIR سے متعلق ووٹر فہرستوں کی حتمی اشاعت کی تاریخ میں توسیع کرتے ہوئے اِسے 28فروری کردیا ہے۔ اِس سے پہلے، سپریم کورٹ نے جانچ پڑتال کی مدت میں 7دن کی توسیع کرنے کا کل حکم دیا تھا۔ مغربی بنگال میں سماعت کی مدت 14فروری تک اختتام پذیر ہونی چاہیے۔ اِس سے پہلے، مغربی بنگال میں ووٹر فہرستوں کی حتمی اشاعت 14فروری کو ہونی تھی۔×

## EC Posting Officer

انتخابی کمیشن نے آسام، کیرالہ، تمل ناڈو، مغربی بنگال اور مرکز کے زیر انتظام علاقے پدوچیری میں اسمبلی انتخابات 2026کے انعقاد سے وابستہ افسران کے تبادلے اور تعیناتی کے سلسلے میں ہدایات جاری کی ہیں۔ موجودہ قانون ساز اسمبلیوں کی مدتِ کار اِس سال مئی اور جون کے درمیان ختم ہوجائے گی، جس کے سبب کمیشن نے تیاری کے سلسلے میں انتظامی اقدامات کیلئے یہ ہدایات جاری کی ہیں۔x

## Shah Cyber

آج وزیر داخلہ امت شاہ نے نئی دلّی میں سائبَر دھوکہ دہی سے نمٹنے اور اُس کے ایکونظام کو نیست ونابود کرنے سے متعلق قومی کانفرنس کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ سائبَر سکیورٹی کا اب ملک کی سلامتی سے تعلق ہے۔ انھوں نے کہا کہ حکومت نے ملک میں سائبَر جرائم کو ختم کرنے کے سلسلے میں کئی اقدامات کا آغاز کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ انڈین سائبَر کرائم کورڈینیشن سینٹر 14C، سائبَر جرائم کے خلاف ایک اہم پلیٹ فارم بن گیا ہے۔ جناب شاہ نے ملک کے عوام میں سائبَر سکیورٹی سے متعلق زیادہ سے زیادہ بیداری پیدا کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

**S/B Amit Shah**

انڈین سائبَر کورڈینیشن سینٹر کے استعمال اور ملک میں اُس کے رپورٹنگ پورٹل کو اجاگر کرتے ہوئے وزیر داخلہ نے کہا کہ 30نومبر 2025 تک سائبَر جرائم سے متعلق 82لاکھ شکایات درج کی گئیں، جن میں سے ایک لاکھ 84ہزار کو FIR میں تبدیل کیا گیا اور متعدد شکایات کا ازالہ کردیا گیا۔ انھوں نے کہا کہ یہ سبھی سرکاری محکموں کی ذمے داری ہے کہ وہ سائبَر جرائم اور سائبَر دھوکہ دہی کے بحران سے ملک کا تحفظ کریں۔ انھوں نے مزید

کہا کہ اب تک بینک، فن ٹیک، NBFCs اور ای–کامرس پلیٹ فارم سمیت 795اداراے قائم کئے گئے ہیں اور وہ 14C سے منسلک ہیں۔

**S/B Amit Shah**

وزیر داخلہ نے CBI کی سائبَر جرائم کی نئی برانچ کا بھی افتتاح کیا اور وزارتِ داخلہ کے 14C کے سائبَر کرائم کورڈینیشن سینٹر کے ریاستی S4C ڈیش بورڈ کا آغاز بھی کیا۔x

## SC Income Tax

سپریم کورٹ نے ڈیجیٹل دور میں تفتیش کاروں کو پیش آنے والی عملی دشواریوں کو آج اجاگر کیا اور کہا کہ تلاشی اور ضبطی سے پہلے پیشگی نوٹس دینے سے جانچ، شروع ہونے سے پہلی ہی ختم ہوسکتی ہے۔ سپریم کورٹ اِنکم ٹیکس کی دفعہ 132 کے تحت، تلاش اور ضبطی کے اختیارات کے دائرے سے متعلق مفاد عامہ کی عرضداشت پر سماعت کررہی تھی۔ عرضداشت میں دلیل دی گئی کہ حکام اِن اختیارات کا غلط استعمال کرسکتے ہیں۔x

## SC Missing Children

آج سپریم کورٹ نے مرکز سے اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کہا ہے کہ ملک کے مختلف حصوں میں جاری بچوں کی گمشدگی کے واقعات کے پیچھے کیا کوئی ملک گیر نیٹ ورک یا ریاست میں قائم گروپ ہے یا نہیں۔ اُس نے مرکز سے سبھی ریاستوں سے ڈیٹا اکٹھا کرنے کو کہا ہے۔ ایک NGO کی جانب سے داخل کردہ مفادِ عامہ کی ایک عذرداری پر بینچ سماعت کر رہی تھی جس میں مختلف ریاستوں میں اُن بچوں کی بڑھتی تعداد کو اجاگر کیا گیا تھا جن کا کچھ اَتہ پتہ نہیں ہے۔x

## Bangladesh Poll

بنگلہ دیش میں عام انتخابات اور روس کے ساتھ ہونے والے ریفرنڈم کیلئے انتخابی مہم آج ختم ہوگئی، جس کے بعد ووٹنگ سے قبل لازمی 48 گھنٹے کی تشہیری مہم پر روک کا آغاز ہوگیا ہے۔ ووٹنگ جمعرات کو ہوگی۔

ادھر اقوام متحدہ کے جنرل سکریٹری انتونیو گتریس نے بنگلہ دیش میں پارلیمانی انتخابات سے قبل فوج اور پولیس کی جانب سے صحافیوں اور اقلیتی برادری کے خلاف حملوں کی خبروں پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔x

## Rev. Shooting Ch'Ship

نشانے بازی میں، بھارتی نشانے بازوں نے آج نئی دلّی میں ایشین رائفل–پسٹل چیمپئن شپ میں سونے کے دو مزید تمغے جیتے، جس کے بعد بھارت کی جانب سے جیتے گئے تمغوں کی مجموعی تعداد 39ہوگئی ہے۔ خواتین کے 50میٹر رائفل تھری پوزیشن کے فائنل میں پراچی گائیکواڑ نے 353اعشاریہ تین پوائنٹس کی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سونے کا تمغہ جیتا۔ وہیں، قزاخستان کی Tomiris Amanova نے 351اعشاریہ چار

پوائنٹس کے اسکور کے ساتھ چاندی کا تمغہ اپنے نام کیا۔ بھارت کی انشکا Thokur نے 34نشانوں کے بعد 341 اعشاریہ ایک پوائنٹس کے ساتھ کانسے کا تمغہ جیتا۔ٹیم مقابلوں میں پراچی گائیکواڑ، انشکا Thokur اور Hazel کی تین رکنی بھارتی ٹیم نے خواتین کے 50میٹر رائفل تھری پوزیشن کے جونیئر زمرے میں ایک ہزار 748پوائنٹس کے مجموعی اسکور کے ساتھ ایک اور سونے کا تمغہ جیتا۔×

## ICC T20 Worldcup

مردوں کے ICC ٹی–ٹوینٹی عالم کپ میں کولمبو کے Sinhalese اسپورٹس کلب میں گروپ A کے تحت پاکستان اور USA کے درمیان مقابلہ جاری ہے۔ USA نے ٹاس جیت کر گیندبازی کا فیصلہ کیا۔گروپ ڈی کے ایک دوسرے میچ میں آج شام چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں نیوزی لینڈ نے 174رن کا ہدف 15 اوورز اور دو گیندوں میں بآسانی حاصل کرکے متحدہ عرب امارات UAE کو 10وکٹ سے ہرا دیا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆